Sl. No. of Q.P.: 6295

~~SET~~-A

| | | |
|---|---|---|
| Unique Paper code | : | 2145001006 |
| Name of the Paper | : | Study of Urdu Prose-II |
| Name of the Course | : | Common Programme Group |
| Semester | : | IV |

Duration: 03 Hours — Max. Marks: 90

نوٹ: صرف پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ درج ذیل میں سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے۔

(الف)

تمھارا خط پہنچا۔ تردد عبث، میرا مکان ڈاک گھر کے قریب اور ڈاک منشی میرا دوست ہے، نہ عرف لکھنے کی حاجت نہ محلے کی حاجت۔ بے وسواس خط بھیج دیا کیجیے۔ یہاں کا حال سب طرح خوب ہے اور صحبت مرغوب ہے۔ اس وقت تک مہمان ہوں۔ دیکھوں کیا ہوتا ہے۔ تعظیم وتوقیر میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں ہے۔ لڑکے دونوں میرے ساتھ آئے ہیں۔ اس وقت اس سے زیادہ نہیں لکھ سکتا۔

(ب)

آپ نے خداترس کتا بھی ضرور دیکھا ہوگا۔ جب چلتا ہے تو اس مسکینی اور عجز سے گویا بارِ گناہ کا احساس آنکھ نہیں اٹھانے دیتا۔ دُم اکثر پیٹ کے ساتھ لگی ہوتی ہے۔ سڑک کے بیچوں بیچ غور وفکر کے لیے لیٹ جاتا ہے اور آنکھیں بند کرلیتا ہے۔ کسی گاڑی والے نے متواتر بگل بجایا، گاڑی کے مختلف حصوں کو کھٹکھٹایا، لوگوں سے کہلوایا، خود دس بارہ دفعہ آوازیں دیں تو آپ نے سر وہیں زمین پر رکھا، سرخ مخمور آنکھوں کو کھولا، صورت حالات کو ایک نظر دیکھا اور پھر آنکھیں بند کرلیں۔

۲۔ غالب کی خطوط کی خصوصیات بتایئے۔

۳۔ اردو میں طنز و مزاح کی روایت پر اظہار خیال کیجیے۔

۴۔ مشتاق احمد یوسفی کے مضمون 'جنونِ لطیفہ' کا جائزہ لیجیے۔

۵۔ راشد الخیری کے مضمون مظلوم کی فریاد کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

۶۔ پطرس بخاری کی نثر نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

۷۔ کنہیا لال کپور کے مضمون 'برج بانو' کا حال اپنے الفاظ میں لکھیے۔

۸۔ مشتاق احمد یوسفی کی مزاح نگاری پر اظہار خیال کیجیے۔